NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| زمرہ: | **طلبا** | جاری کردہ: 4/20/17 | نمبر: **A-125** |
| موضوع: | غیر رہائشی کا اندراج | | صفحہ: 1 کا 1 |

## تبدیلیوں کا خلاصہ

اس ضابطے کی درج ذیل تجدید کی گئی ہے:

- یہ وضاحت کرتا ہے کہ ضابطے کا عارضی رہائش گاہوں یا فوسٹر کئیر میں رہنے والے طلبا پر اطلاق نہیں ہوتا ہے، کیونکہ یہ طلبا نیویارک شہر میں اپنے اصل اسکول میں جانا جاری رکھ سکتے ہیں اگر وہ فوسٹر کئیر میں رکھے جانے یا نیویارک شہر سے باہر تبدیلی مقام کے وقت نیویارک شہرمیں رہائش پذیر تھے اور DOE اسکول میں مندرج تھے۔ (تلخیص، زیرِ حاشیہ 1، صفحہ 1)
- وضاحت کرتا ہے کہ اس ضابطے کا غیررہائشیوں پر اطلاق نہیں ہوتا ہے جو نیویارک ریاست کے رہائشی ہیں اور انکی ضلع 79 کے رہائشی پروگراموں میں اندراج یا تقرری کی گئی ہے۔ (جز .I.A ، زیرِ حاشیہ 2، صفحہ 1)
- والدین کی اصطلاح کی بطور "طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا سرپرستی کے رشتے والا کوئی بھی شخص" ترمیم کرتا ہے۔ والدین کی تعریف میں ذیل شامل ہیں: پیدائشی یا گود لینے والے والدین، سوتیلے والدین، قانونی طور پر تقرر کردہ سرپرست، عارضی والدین کے ذیر نگہداشت اور اسکول میں شرکت کرنے والے بچے کے ساتھ "قانونی طور پر والدینی تعلق رکھنے والا فرد"۔ اصطلاح " والدینی تعلق رکھنے والا فرد" اس فرد کا حوالہ دیتی ہے جس نے بچے کی نگہداشت کی ذمہ داری اٹھائی ہو کیونکہ بچے کے والدین یا سرپرست دستیاب نہیں ہیں، دیگر وجوہات کے علاوہ، آیا موت واقع ہونے، جیل میں قید ہونے، دماغی مرض، ریاست سے باہر رہنے یا بچے کو اکیلا چھوڑ دینے کی وجہ سے۔ (جز .I.B ، زیرِ حاشیہ 3، صفحہ 1)
- وضاحت کرتا ہے کہ اگر محکمہ تعلیم یہ تعین کرتا ہے کہ کسی والدین نے رہائش دکھانے کے لیے غلط پتہ دیا تھا یا غیررہائشی صورتِ حال کو افشا نہیں کیا تھا، والدین کو ہر اس گذشتہ سال یا سال کے حصے کے لیے موثر بہ ماضی فیس ادا کرنی ہوگی جس میں طالب علم غیر رہائشی کے طور پر درج تھا۔ (جز .I.F ، صفحہ 1)
- ٹیوشن کی متروک شرح کے معیار کو ہٹاتا ہے۔ (جز II ، صفحہ 2)
- زبان کی DOE کے موجودہ طریقہ ہائے کار کے ساتھ ہم اہنگ کرنے کے لیے تجدید کرتا ہے۔
- رابطے کی معلومات کی تجدید کرتا ہے۔ (جز VII ، صفحہ 3 اور 4)

## تلخیص

یہ نیویارک شہر پبلک اسکولوں کے غیررہائشی طلبا کے داخلے، برخاستگی اور منتقلی کے متعلق پالیسیوں کو قائم کرتا ہے۔ ایک غیر رہائشی طالب علم کی توضیح ایسے طالب علم کے طور پر کی جاتی ہے جس کی بنیادی جائے رہائش نیویارک شہر سے باہر ہو اور وہ چانسلر کے ضابطے A-101 میں بیان کردہ رہائش کے تقاضوں کی تکمیل نہ کرتا ہو۔[1]

### I. عام اصول: غیر رہائشی کا اندراج

A. نیویارک ریاست کے تعلیمی قانون کے حصہ 3202 کے تحت، 5 سال کی عمر سے بڑے اور 21 سال سے کم عمر طلبا اس ضلع میں مفت پبلک تعلیم کے اہل ہیں جس ضلع میں وہ رہائش پذیر ہیں۔ کسی غیر رہائشی کا نیویارک شہر کے کسی پبلک اسکول میں اندراج نیویارک شہر محکمہء تعلیم کی صوابدید پر کیا جاتا ہے اور اس کے لئے فیس ادا کرنا شرط ہے۔[2]

B. غیر رہائشی طلبا کے والدین[3] اور غیررہائشی خودمختار طلبا اور تن تنہا نوبالغان پر لازم ہے کہ وہ پبلک اسکول انتخاب پروگرام (PSC) اور مستقل طور پر خطرناک قرار دیے جانے والے اسکول (PDS) پروگرام میں شرکت سے دستبردار ہوں۔

C. غیر رہائشی طلبا متخصص ہائی اسکولوں، چھان بین / منتخب اسکولوں یا پروگراموں، قابل اور ہنرمند پروگراموں یا پری کنڈرگارٹن پروگراموں میں اندراج کے اہل نہیں لہٰذا ان میں درخواست نہیں دے سکتے۔ غیر رہائشی ہائی اسکول داخلہ کارروائی، مڈل اسکول داخلہ کارروائی، قابل اور ہنرمند داخلہ کارروائی یا پری کنڈرگارٹن داخلہ کارروائی میں شرکت نہیں کرسکتے۔ کوئی بھی استثنی صرف دفتر برائے طالبانہ اندراج (OSE) کی صوابدید پر فراہم کی جائے گی اور صرف اس صورت میں زیر غور لائی جائے گی جب کوئی رہائشی تعلیمی سال کے دوران بیرون شہر منتقل ہوجائے جیسا کہ حصہ IV میں بیان کیا گیا ہے۔

D. تدریس کی فیس ادا کرنے والے غیر رہائشی طلبا دفتر برائے طالبانہ نقل و حمل کی جانب سے فراہم کردہ نقل و حمل کے اہل نہیں۔

E. اگر کسی بھی وقت والدین اسکول کو یہ ظاہر کرنے میں ناکام ہوئے کہ نیویارک شہر پبلک اسکول میں درج ہوا کوئی طالب علم رہائشی نہیں ہے اور محکمہ بعد میں یہ تعین کرے کہ طالب علم اب رہائشی نہیں رہا تو طالب علم بقیہ تعلیمی سال کے لیے اس اسکول میں رہنے کا حق کھو دیتا ہے اور اسے اس سمسٹر کے اختتام پر برطرف کردیا جائے گا جسکے دوران تعین کیا گیا تھا ۔ طالب علم ایک غیر رہائشی کی حیثیت سے رہنے کے لیے درخواست جمع کرانے کا حق بھی کھو دیتا ہے۔

F. اگر یہ تعین کیا گیا کہ والدین نے رہائش ثابت کرنے کے لیے جعلی پتے کا استعمال کیا یا اپنی غیر رہائشی حیثیت کا انکشاف نہیں کیا تو طالب علم صرف اس سممسٹر کے اختتام تک اپنے موجودہ اسکول میں درج رہنے کا اہل ہے، جس سمسٹر میں یہ تعین کیا گیا تھا۔ طالب علم بقیہ سال یا اگلے سال کے لیے داخلے کی درخواست دینے کے لیے اہل نہیں ہوگا۔ والدین کو ہر اس گذشتہ سال کے لیے موثر بہ ماضی فیس ادا کرنی ہوگی جس میں طالب علم غیر رہائشی کے طور پر درج تھا۔ کسی بھی سنگین صورتحال کی بنیاد پر استثنی صرف دفتر برائے طالبانہ اندراج کی صوابدید پر دی جائے گی۔

---

1 اس ضابطے کا عارضی رہائش گاہوں یا فوسٹر کئیر میں رہنے والے طلبا پر اطلاق نہیں ہوتا ہے، کیونکہ یہ طلبا نیویارک شہر میں اپنے اصل اسکول میں جانا جاری رکھ سکتے ہیں اگر وہ فوسٹر کئیر میں رکھے جانے یا نیویارک شہر سے باہر تبدیلی مقام کے وقت نیویارک شہرمیں رہائش پذیر تھے اور DOE اسکول میں مندرج تھے۔

2 اس ضابطے کا اطلاق ان غیررہائشی طلبا پر نہیں ہوتا ہے جو نیویارک ریاست کے رہائشی ہیں اور ضلع 75 ہسپتال اسکولوں، فوسٹر کئیر / ACS سرپرستی یا ضلع 79 رہائشی پروگراموں میں اندراج یا تقرری کی گئی ہے اور چند چارٹر اسکول طلبا۔

3 اس ضابطے کی رو سے اصطلاح والدین کا مطلب طالب علم کے والدین یا سرپرست، یا طالب علم کے ساتھ والدینی یا سرپرستی کے رشتے والا کوئی بھی شخص ہے۔ والدین کی تعریف میں ذیل شامل ہیں: پیدائشی یا گود لینے والے والدین، سوتیلے والدین، قانونی طور پر تقرر کردہ سرپرست، عارضی والدین کے ذیر نگہداشت اور اسکول میں شرکت کرنے والے بچے کے ساتھ "قانونی طور پر والدینی تعلق رکھنے والا فرد"۔ اصطلاح " والدینی تعلق رکھنے والا فرد" اس فرد کا حوالہ دیتی ہے جس نے بچے کی نگہداشت کی ذمہ داری اٹھائی ہو کیونکہ بچے کے والدین یا سرپرست دستیاب نہیں ہیں، دیگر وجوہات کے علاوہ، آیا موت واقع ہونے، جیل میں قید ہونے، دماغی مرض، ریاست سے باہر رہنے یا بچے کو اکیلا چھوڑ دینے کی وجہ سے۔

G. محکمۂ تعلیم کے جو ملازمین اپنے بچوں کو نیویارک شہر پبلک اسکول میں بھیجیں گے جبکہ وہ غیر رہائشی ملازم ہوں اور مناسب فیس ادا نہ کریں، انہیں مناسب کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا جس میں خاص کمشنر برائے تفتیش کا حوالہ اور تادیبی کارروائی بشمول ملازمت کا خاتمہ شامل ہوسکتا ہے۔

## II. غیر رہائشی طلبا کے لیے درخواست کا طریقہ کار

جو والدین نیویارک شہر کے مکین نہیں (رہائش کا تعین کرنے کے تقاضوں کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-101 ملاحظہ کریں) اور جو اپنے بچے کا نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں فیس دینے والے غیر رہائشی طلبا کے طور پر اندراج کرانا چاہتے ہیں، انہیں دفتر برائے طالبانہ اندراج (OSE) کو درخواست جمع کرانی ہوگی۔ درخواستیں طلبا کی اندراج کی ویب سائٹ http://schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment/NewStudents/Non-Residents پر پائی جاسکتی ہیں۔ درخواست نئے غیر رہائشیوں کے استعمال کے لیے ہے اور یہ ہر موسم گرما میں غیر رہائشی اندراج کی درخواست کے دورانیہ میں دستیاب ہوتی ہے۔

A. صرف OSE غیر رہائشی طالب علم کی درخواستوں کی منظوری کا ذمہ دار ہے۔ اسکول غیر رہائشی طلبا کا اندراج نہیں کر سکتے جنکی درخواستوں کو OSE نے منظور نہیں کیا۔

B. . نیویارک شہر پبلک اسکول میں درج ہونے کی خواہش رکھنے والے نئے غیر رہائشیوں کو درخواست جمع کرانی ہوگی۔ درخواست دہندگان کو صرف طالبانہ اندراج کی بیان کردہ مقررہ درخواستی معیاد کے دوران ہی زیر غور لایا جائے گا۔

C. اندراج کے سلسلے میں پہلے ان طلبا کو ترجیح دی جاتی ہے جو نیویارک شہر محکمہ تعلیم کے ملازمین کے بچے ہیں، پھر ان طلبا کو جو دیگر نیویارک شہر کے ملازمین کے بچے ہیں، اور اس کے بعد دیگر طلبا کو۔

D. اسکول شروع ہونے کے وقت سے قطع نظر، جب تک تمام رہائشی طلبا کو نشستیں حاصل نہ ہوں، OSE غیر رہائشی طلبا کا داخلہ منظور نہیں کرے گا۔ چنانچہ، غیر رہائشی طلبا کے لیے لازم ہے کہ وہ اس وقت تک طلبا کے مقامی ضلع کے ضابطوں کے مطابق اسکول جاتے رہیں جب تک کہ غیررہائشی طالب علم کی درخواست کا کوئی فیصلہ پیش نہ کر دیا جائے۔

E. اگر ایک غیر رہائشی طالب علم کی درخواست منظور کرلی جاتی ہے تو OSE اہل خانہ کو مطلع کردے گا۔ طالب علم منظور شدہ اسکول میں اس شرط پر درج ہوسکتا ہے کہ فیس کی ادائیگی شروع ہوگئی ہے اور رہائشی رجسٹریشن کے لیے درکار تمام دستاویزات اسکول کو فراہم کردی گئی ہیں۔ اسکول کو ATS میں طالب علم کو رجسٹر کرتے وقت غیر رہائشی فیس ادا کرنے والے طالب علم کی نشاندہی فعال کرنی ہوگی۔

F. ریاستی محکمہ تعلیم ہر سال کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک کی عام تعلیم اور خاص تعلیم کے لئے فیس کی رقم کا تعین کرتا ہے۔ جس تعلیمی سال کے لیے فیس واجب ہو جائے، فیس کی مکمل ادائیگی اسی سکولی سال کے اندر لازم ہے۔ فیس کی ادائیگی کے متعلق معلومات کو بیورو برائے غیر پبلک اسکول واجب الادا سے 718-935-4789 پر فون کرکے دریافت کیا جاسکتا ہے۔

G. اپنے مقامی ضلع میں خاص تعلیمی خدمات وصول کرنے والے طلبا کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی درخواست کے ہمراہ اپنے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کی ایک حالیہ کاپی فراہم کریں۔

1. نیویارک ریاست میں رہائش پذیر غیر رہائشی طلبا کے لیے خاص تعلیم کی تقرریاں عمل میں آئیں گی، اگر IEP کا جائزہ لینے کے بعد، مجوّزہ خدمات نیویارک شہر میں دستیاب ہوں اور رہائشی طلبا کو نشستیں فراہم کرنے کے بعد جگہ موجود ہو۔

2. نیویارک ریاست سے باہر رہائش پذیر غیر رہائشی طلبا کے لئے نیویارک ریاست کے معیارات کے مطابق خدمات کی اہلیت کے تعین کے لئے IEP کا جائزہ لینے کے بعد خاص تعلیم کی تقرریاں عمل میں آئیں گی بشرطیکہ نیویارک شہر میں مجوّزہ خدمات دستیاب ہوں اور رہائشی طلبا کو نشستیں مہیا کرنے کے بعد جگہ موجود ہو۔

## III. موجودہ غیر رہائشی طلبا

A. موجودہ غیر رہائشی طلبا جو نیویارک شہر پبلک اسکولوں میں ما قبل داخلے کی منظوری حاصل کرچکے ہیں اور فیس ادا کررہے ہیں، وہ دوبارہ درخواست جمع کرائے بغیر اس اسکول کے حتمی گریڈ تک رہ سکتے ہیں جس میں وہ جا رہے ہیں۔ ان طلبا کو کسی بھی دیگر اندراجی کارروائی میں شرکت کی اجازت نہیں ہوگی بشمول ہائی اسکول داخلہ کارروائی اور مڈل اسکول داخلہ کارروائی۔

B. موجودہ غیر رہائشی طلبا جنکی خاص تعلیم کی خدمات کے لئے تشخیص کی جاچکی ہے اور انکے لیے یہ خدمات درکار ہیں، وہ قابل اطلاق قانون کے مطابق یہ خدمات وصول کرنے کے حق دار ہوں گے۔ خدمات کا آغاز ہوتے ہی، فیس کی رقم کو قابل اطلاق خاص تعلیم کی فیس کی عکاسی کرتے ہوئے تبدیل کردیا جائے گا۔

C. غیر رہائشی طلبا تعلیمی سال کے دوران اسکولوں کے درمیان تبادلہ نہیں کرواسکتے ماسوا OSE کی صوابدید پر کسی اشد ضرورت کے سبب۔ کسی بھی دیگر اسکول میں تبادلے کے لیے درخواست کی معیاد کے دوران ایک نئی درخواست جمع کرانی ہوگی۔

## IV. رہائشی جو تعلیمی سال کے دوران بیرون شہر منتقل ہو جاتے ہیں

A. اگر تعلیمی سال کے دوران کسی رہائشی طالب علم کا پتہ تبدیل ہو جاتا ہے اور وہ بیرون نیویارک شہر منتقل ہو جاتا ہے، تو والدین / سرپرست پر لازم ہے کہ وہ موجودہ اسکول کو اطلاع دیں اور رہائش گاہ تبدیل کرنے کے پانچ اسکولی دنوں کے اندر نئے پتے کا ثبوت فراہم کریں۔ اسکول پر لازم ہے کہ وہ نئے پتے کی تجدید کرتے ہوئے ATS میں غیر رہائشی کی نشاندہی کو فعال کر دے۔ طالب علم اس سمسٹر کے اختتام تک فیس ادا کئے بغیر اس اسکول میں درج رہنے کا اہل ہے۔ اگر طالب علم پہلے سمسٹر (ستمبر تا جنوری) کے دوران بیرون نیویارک شہر منتقل ہوجاتا ہے تو دوسرے سمسٹر (فروری تا جون) کے لیے فیس کی ادائیگی ضروری ہے۔ ہائی اسکول سمسٹر شیڈول کا تعین سمسٹر کے گوشوارہ وقت کیا جاتا ہے، گریڈ سطح سے قطع نظر۔ فیس کی ادائیگی کرنے کے لیے والدین / سرپرست کو بیورو برائے مالیت، دفتر برائے غیر پبلک اسکول واجب الادا سے 718-935-4789 پر رابطہ کرنا چاہیے۔

B. طلبا جو رہائشی ہیں اور قابل اور ہنرمند پروگراموں، پری کنڈرگارٹن پروگراموں یا متخصص یا چھان بین / منتخب اسکولوں میں درج ہیں اور جو تعلیمی سال کے دوران بیرون نیویارک شہر منتقل ہوجاتے ہیں انہیں رہائش کی تبدیلی کے متعلق موجودہ اسکول کو آگاہ کرنا ہوگا۔ ایسے طلبا بقیہ تعلیمی سال کے لیے اپنے موجودہ اسکول میں درج رہنے کے اہل ہیں بشرطیکہ وہ دوسرے سمسٹر کے لیے فیس ادا کریں اگر وہ پہلے سمسٹر کے دوران منتقل ہوئے۔ تعلیمی سال کے اختتام پر یہ طلبا موجودہ اسکول یا پروگرام میں درج رہنے کے لیے اہل نہیں۔ وہ ایسے اسکول یا پروگرام میں اگلے سال کے لیے ایک غیررہائشی درخواست جمع نہیں کرواسکتے۔ کوئی بھی استثنی دفتر برائے طالبانہ اندراج کی صوابدید پرموقوف ہوگی۔

## V. گرمیوں کا اسکول

تمام رہائشی طلبا کو نشستیں فراہم کرنے کے بعد اگر جگہ دستیاب ہو تو موسم گرما اسکولی پروگرام غیر رہائشی طلبا کا اندراج کر سکتے ہیں۔ یہ لازم ہے کہ فیس ریاستی محکمہء تعلیم کی مقررہ قیمت کے مطابق ادا کی جائے۔

## VI. غیر رہائشی اندراج کا اختتام

A. نیویارک شہر کے پبلک اسکولوں میں غیر رہائشی طلبا کے اندراج کا جاری رہنا نیویارک شہر محکمہء تعلیم کی صوابدید پر ہوتا ہے۔ بروقت فیس کی ادائیگی میں ناکامی کے باعث نیویارک شہر محکمہء تعلیم کے پاس ایک غیر رہائشی کے جاری اندراج کی منظوری کو منسوخ کرنے کا حق محفوظ ہے۔

B. بروقت فیس کی ادائیگی میں ناکامی کے باعث کسی طالب علم کو برطرف کرنے سے قبل لازم ہے کہ والدین کو:

1. طالب علم کو برطرف کرنے کے اسکول کے فیصلے کی اطلاع دی جائے؛
2. برطرفی کی وجہ پر بات چیت کرنے کے لئے پرنسپل / نامزد فرد کے ساتھ کسی کانفرنس میں شرکت کا موقع دیا جائے؛ اور
3. اس کانفرنس کے بعد، والدین کو تحریری اطلاع نامہ فراہم کیا جائے کہ آیا طالب علم کو برطرف کیا جا رہا ہے یا نہیں۔

## VII. استفسارات

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو یہاں بھیجنا چاہیے:

| ٹیلیفون: | | فیکس: |
|---|---|---|
| 718-935-2142 | *Office of Student Enrollment*<br>NYC Department of Education<br>52 Chambers Street – Room 415<br>New York, NY 10007 | --- |

فیس کے بارے میں استفسارات ذیل کو بھیجنے جانے چاہییں:

| ٹیلیفون: | | فیکس: |
|---|---|---|
| 718-935-4789 | *Office of Non-Public School Payables*<br>*Re: Non-Resident Tuition*<br>NYC Department of Education<br>65 Court Street<br>Brooklyn, NY 11201 | --- |